الاعلیٰ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱	اے پیغمبر ﷺ اپنے پروردگار عالی شان کے نام کی تسبیح کرو۔
۲	جس نے انسان کو بنایا پھر اسکے اعضاء کو درست کیا۔
۳	اور جس نے اس کا اندازہ ٹھہرایا پھر اسکو رستہ بتایا۔
۴	اور جس نے چارہ اگایا۔
۵	پھر اسکو سیاہ رنگ کا کوڑا کر دیا۔
۶	اے نبی ﷺ ہم تمہیں پڑھا دیں گے پھر تم فراموش نہ کرو گے۔
۷	مگر جو اللہ چاہے۔ وہ کھلی بات کو بھی جانتا ہے اور چھپی کو بھی۔
۸	اور ہم تمکو آسان طریقے کی توفیق دیں گے۔
۹	سو جہاں تک نصیحت کے نافع ہونے کی امید ہو نصیحت کرتے رہو۔
۱۰	جو خوف رکھتا ہے وہ تو نصیحت حاصل کرے گا۔
۱۱	اور بے خوف بدبخت اس سے کترائے گا۔
۱۲	جو بڑی تیز آگ میں داخل ہو گا۔
۱۳	پھر وہاں نہ مرے گا اور نہ جئے گا۔
۱۴	بیشک وہ مراد کو پہنچ گیا جو پاک ہوا۔

۱۵	اور اپنے پروردگار کا نام لیتا رہا اور نماز پڑھتا رہا۔
۱۶	بات یہ ہے کہ تم لوگ تو دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہو۔
۱۷	حالانکہ آخرت بہت بہتر اور ہمیشہ باقی رہنے والی ہے۔
۱۸	یہی بات پہلے صحیفوں میں بھی درج ہے۔
۱۹	یعنی ابراہیم اور موسی کے صحیفوں میں۔